باریہ نام کا معنی

مجیب: مولانا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3243

تاریخ اجراء: 03 جمادی الاولیٰ 1446 ھ / 06 نومبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

باریہ کا معنی بتادیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

باریہ کے مختلف معانی بیان کئے گئے ہیں، جن میں سے چند یہ ہیں: "راستہ، بانس سے بنائی ہوئی چٹائی، وغیرہ" اس طور پر اس لفظ کے معانی نام کے لیے کچھ عمدہ نہیں۔ بہتر یہ ہے کہ صحابیات یا نیک خواتین کے نام پر بچی کا نام رکھیں کہ حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب دلائی گئی ہے۔

لسان العرب میں ہے: "البارية: فارسي معرب، قيل: هو الطريق، وقيل: الحصير المنسوج، وفي الصحاح: التي من القصب" ترجمہ: باریہ فارسی لفظ ہے جسے عربی بنایا گیا ہے، اس کا ایک مطلب "راستہ" بیان کیا گیا ہے۔ ایک معنی "بُنی ہوئی چٹائی" بیان کیا گیا ہے جبکہ لغت کی کتاب الصحاح میں اس کا معنی یہ بیان ہوا کہ وہ چٹائی جو بانس سے بنائی گئی ہو۔ (لسان العرب، ج4، ص87، دار صادر، بیروت)

مسند الفردوس میں حدیث پاک ہے "تسموا بخیارکم۔" ترجمہ: اپنی بہترین ہستیوں کے ناموں پر نام رکھو۔ (مسند الفردوس، جلد2، صفحہ58، رقم الحدیث 2329، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

مرأۃ المناجیح میں ہے "اچھے نام کا اثر نام والے پر پڑتا ہے، اچھا نام وہ ہے جو بے معنی نہ ہو جیسے بدھوا، تلوا وغیرہ اور فخر و تکبر نہ پایا جائے جیسے بادشاہ، شہنشاہ وغیرہ اور نہ برے معنی ہوں جیسے عاصی وغیرہ۔ بہتر یہ ہے کہ انبیاء کرام یا حضور علیہ السلام کے صحابہ عظام، اہلبیت اطہار کے ناموں پر نام رکھے جیسے ابراہیم و اسمٰعیل، عثمان، علی، حسین و حسن وغیرہ عورتوں کے نام آسیہ فاطمہ، عائشہ وغیرہ اور جو اپنے بیٹے کا نام محمد رکھے وہ ان شاء اللہ بخشا جائے گا اور دنیا میں اس کی برکات دیکھے گا۔" (مرأۃ المناجیح، جلد5، صفحہ30، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

بہار شریعت میں ہے "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیھم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے امید ہے کہ ان کی برکت بچہ کے شامل حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینۃ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net